بانی تنظیم
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ

# شعبہ نشرو اشاعت

# تنظیم اسلامی پاکستان

36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:03-5869501، فیکس:5834000

26-دسمبر 2020ء

## پریس ریلیز

## ڈینیل پرل کیس میں عدالتی فیصلے پر امریکی تشویش پاکستان کے داخلی معاملات میں بے جا مداخلت ہے

### شجاع الدین شیخ

لاہور (پ ر) ڈینیل پرل کیس میں عدالتی فیصلے پر امریکی تشویش پاکستان کے داخلی معاملات میں بے جا مداخلت ہے۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ڈینیل پرل کیس کے ملزمان کی رہائی کا فیصلہ سندھ ہائی کورٹ نے جاری کیا ہے۔ انہوں نے کہا امریکہ کو ہرگز یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ پاکستان کے عدالتی نظام میں مداخلت کرے۔ کیا امریکہ پاکستان کو اپنے عدالتی فیصلوں میں مداخلت کرنے کی اجازت دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری عدالتوں نے تمام تر آئینی و قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ دیا ہے اور مدعیان کے پاس سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے حکومت پاکستان سے بھی مطالبہ کیا کہ عدالتوں کی آزادی ہر حالت میں برقرار رہنی چاہیے اور کسی بھی بیرونی دباؤ کو ہرگز قبول نہیں کرنا چاہیے۔ ہماری رائے میں اس کیس میں تمام تر قانونی و اخلاقی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حق اور انصاف کا بول بالا ہونا چاہیے۔

جاری کردہ

**ایوب بیگ مرزا**

مرکزی ناظم نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 26 December 2020**

## "The US expression of 'concern' regarding the court verdict in the Daniel Pearl case is unwarranted interference in the internal affairs of Pakistan."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The US expression of 'concern' regarding the court verdict in the Daniel Pearl case is unwarranted interference in the internal affairs of Pakistan."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He noted that the decision to acquit the accused in the Daniel Pearl case has been dispensed by the Sindh High Court (SHC). He asserted that the US must never be afforded the permission to interfere with the judicial system and process of Pakistan. He queried that would the US allow Pakistan to interfere in its own judicial verdicts? The Ameer said that our courts have delivered this verdict after duly and meticulously considering all constitutional and legal issues and requisites and the plaintiffs still reserve the right to appeal against the decision in the Supreme Court of Pakistan (SC). The Ameer demanded of the government of Pakistan to ensure that the impartiality and independence of the judiciary is upheld at all costs and said that our government ought not to succumb to any kind of external pressure regarding this matter. The Ameer concluded by stating that it is our considered opinion that the standard of justice, fairness and impartiality must be upheld in this court case, without any compromise on legal and ethical rudiments.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**